© rasailojaraid.com



جاتی۔ جس کا نمونہ جناب کشفی نے اپنی تحریر (ص ۲۴ تا ۲۷) میں پیش کر دیا ہے۔ بہر حال موجودہ صورت میں بھی کتاب صورت و سیرت، ظاہر و باطن میں دل پذیر ہے۔

کتاب ہذا اچھی خاصی ضخیم ہے اصل مقالات اور ماقبل متعلقات سمیت ایک کم چار سو صفحات پر مشتمل ہے۔ تحریر میں سادگی، شائستگی ہے۔ انداز بیان دوستانہ اور معصومانہ ہے، جیسے مخاطب سے گفتگو ہو رہی ہے مگر بہ ایں طور کہ وہ نہ خائف ہے اور نہ فکر مند۔ تمام مقالات سیر حاصل بحث کے حامل اور طویل ہیں۔ پہلا مقالہ (ص ۳۷) سب سے زیادہ مفصل ۶۵ صفحات پر مشتمل اور چوتھا مقالہ (ص ۲۰۵) سب سے مختصر ۳۹ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ مطالعہ کے دوران یہ بات البتہ کھٹکتی ہے کہ مرکزی جلی عنوانات کے تحت ذیلی عنوانات کی بھر مار ہے۔ تقریباً ہر ایک دو پیراگراف کا ایک عنوان الگ ہے جو قاری کے تسلسل وارتکاز ذہنی کو متاثر کرتا ہے۔ فہرست (کتاب) میں بھی ان متنوع عنوانات کا اندراج ۱۰ صفحات میں پایا جاتا ہے۔ اصل عنوانات کل سات ہیں لیکن ذیلی عنوانات ۱۹۸ ہیں یعنی ہر مقالہ میں اوسطاً ۲۸، ۲۸ عنوانات سے سابقہ پیش آتا ہے۔ امید ہے فاضل مؤلف آئندہ ایڈیشن میں ان معروضات پر غور فرمائیں گے۔

نام مجلّہ: معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی، گرما ۲۰۰۴ء۔ خصوصی شمارہ سیرت رسول ﷺ

مدیر اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید

صفحات: ۲۹۲

ناشر: کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی

تبصرہ نگار: ملک نواز احمد اعوان

برعظیم میں سیرت طیبہ کے موضوع پر مجلات کی خصوصی اشاعتوں کی روایت کافی قدیم ہے۔ اور اس سلسلے میں بعض اشاعتوں نے تو اس قدر شہرت حاصل کی کہ وہ بار بار شائع ہوئیں بلکہ آج تک شائع ہو رہی ہیں۔ یہ مجلّہ بھی سیرت طیبہ کے موضوع پر اردو، عربی اور انگریزی میں مختلف مضامین کا مجموعہ ہے۔

ہمارے ہاں جامعات میں خصوصاً دینی علوم کے شعبہ جات میں تحقیقی کام کا جو معیار اور اس کی جو نوعیت ہے وہ سب کے علم میں ہے۔ ایسے میں کسی مجلّے کا کسی بھی طور سیرت طیبہ کے موضوع پر اشاعت کا اہتمام کرنا ایک اچھی روایت ہے۔

اس مجلّے کے اہم مضامین یہ ہیں۔ آبائے رسول ﷺ / پروفیسر علی محسن صدیقی۔ ہجرت کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے؟/ ڈاکٹر نثار احمد۔ مقام محمد ﷺ: محمد احادیث کی روشنی میں/ ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی۔ قرآن مجید کا جمالیاتی اسلوب اور سیرت نبوی ﷺ / پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری۔ اسلام کا نظام تعلیم اور ہمارے لئے ہدایت: تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں/ حافظ سید فضل الرحمٰن۔ رسول کریم ﷺ کی ازدواجی زندگی: اعتراضات کا جائزہ/ مولانا ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ مذہبی اعتدال پسندی اور نبوی تعلیمات/ سید عزیز الرحمٰن۔

مجلہ معیاری طباعت، عمدہ کاغذ اور سادہ سرورق کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔

نام کتب: آفتاب نبوت ﷺ کی ضیاء پاشیاں۔ روئے زیبا ﷺ کی تابانیاں۔ جمال محمد ﷺ کا دل ربا منظر۔ ماہتاب نبوت ﷺ کی ضو افشانیاں

مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات: بالترتیب: ۲۰۲۔ ۱۵۶۔ ۲۰۶۔ ۲۱۰

قیمت: ۱۲۰ روپے فی جلد

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، ضلع نوشہرہ، سرحد، پاکستان

تبصرہ نگار: محمد عرفان الملانی

مولانا عبدالقیوم حقانی کی کتاب شرح شمائل ترمذی اس سے قبل دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ جس پر مفصل تبصرہ ان صفحات میں (السیرہ شمارہ ۱۲) اس سے قبل آ چکا ہے۔ درج بالا کتب اسی شرح کا حصہ ہیں۔ جنہیں قارئین کی سہولت کی خاطر فاضل مؤلف نے موضوعات کی ترتیب سے علیحدہ علیحدہ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ چنانچہ پہلی کتاب میں رسول اللہ ﷺ کے کھانے پینے کے معمولات کے متعلق شمائل ترمذی کی ۱۱۷ احادیث کی تشریح بیان کی گئی ہے۔ دوسری کتاب میں آپ ﷺ کے لباس، گزر اوقات کے انداز اور آپ ﷺ کے فقر و استغنا کے ساتھ ساتھ بعض دیگر موضوعات پر ۱۴۸ احادیث کی مفصل تشریح بیان کی گئی ہے۔ تیسری کتاب میں آپ ﷺ کے چہرہ انور، آپ کے جمال و کمال اور بعض دیگر موضوعات پر ۲۲ احادیث کی شرح ہے۔ اور چوتھی کتاب میں رسول اللہ ﷺ کے استعمال کی بعض چیزوں اور نشست و برخاست کے حوالے سے شمائل ترمذی کی ۶۰ احادیث کی توضیح و تشریح کی گئی ہے۔

چاروں کتب معیاری طباعت کے ساتھ شائع ہوئی ہیں۔

© rasailojaraid.com